قاموس الکتب اردو

جلد دوم

تاریخیات

مرتبہ

انجمن ترقی اردو پاکستان

شائع کردہ

انجمن ترقی اردو پاکستان

بابائے اردو روڈ۔ کراچی ۱

سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اُردو نمبر ۳۶۱

اشاعت اوّل : ۱۹۷۵/۷۴ء

تعداد : . . . . پانچ سو

طابع : انجمن پریس ۔ کراچی

قیمت :۔ چالیس روپے

یہ کتاب وزارت تعلیم، حکومت پاکستان کی امداد سے
شائع کی گئی ہے۔ انجمن ترقی اُردو حکومت کی اس
معارف پروری کے لیے از حد ممنون ہے

جمیل الدین عالی
معتمد اعزازی

حرفے چند

یہ ہمارے سلسلہ قاموس الکتب کی دوسری جلد ہے۔ اس کی تیاری میں برسوں لگے ہیں لیکن ہمیں اعتراف ہے کہ (بوجوہ بھی) اس میں بہت سی خامیاں در آئی ہیں۔ اب ہم اتنی ضخیم کتاب کو ضائع بھی نہیں کرسکتے لیکن بڑے فخر کے ساتھ پیش بھی نہیں کرسکتے۔ بہرحال افادیت کے اعتبار سے یہ بھی بہت غنیمت ہے۔

اردو تحریک کے زمانے میں اردو کی علمی حیثیت اور اس میں علمی ذخیرے کی وسعت کے بارے میں بارہا سوال اٹھایا گیا اور انگریزی پرستوں کی طرف سے بطورِ خاص کہا گیا کہ ابھی اردو زبان میں نہ اتنی جان ہے کہ تمام علوم وفنون کی کتابیں اس میں تحریر و ترجمہ کی جائیں اور نہ اتنی وسعت ہے کہ اسے دفتری اور تمام علوم وفنون کی تدریس کا ذریعہ بنایا جائے۔ یہ تو مخالفوں کا اندازِ نظر تھا اور ہے لیکن ان کے علاوہ ایک بڑی تعداد ناواقفینِ حال کی بھی ہے جو شاید بڑی سچائی کے ساتھ یہی سمجھتے تھے کہ اردو عملی طور پر قومی کاروبار کے لیے تیار نہیں۔

بابائے اردو کی خواہش تھی کہ اردو میں حوالے کی کتابوں کا ایک سلسلہ مرتب ہوجائے۔ ان کے پیشِ نظر اس کے دو مقصد تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ اردو کے معترضین کو جواب اس طرح دیا جائے کہ ان کا منہ ہمیشہ کے لیے بند ہوجائے اور ان پر اردو کی علمی حیثیت، اس کے علمی ذخیرے کی اہمیت و وسعت اور مختلف علوم وفنون میں تصنیف و تراجم اور ان کی تدریس کے امکانات کو اس طرح واضح کردیا جائے کہ کسی دشمن اردو کو مزید لب کشائی کی جرأت باقی نہ رہے۔

وہ جب تک ہندوستان میں رہے اپنی اس خواہش کی تکمیل کے لیے کچھ نہ کرسکے۔ کیونکہ وہ تمام زمانہ مخالفین اردو سے لڑائی کا تھا اور تحریکِ پاکستان کے ساتھ ساتھ لڑائی تیز تر ہوتی جاتی تھی لیکن جب وہ پاکستان تشریف لے آئے تو زندگی کے گوناگوں ہنگاموں، مصروفیتوں اور رکاوٹوں کے باوجود اس علمی منصوبے کی طرف سے غافل نہ رہے اور بالآخر حکومتِ پاکستان کی وزارتِ تعلیم سے اس منصوبے کے لیے ایک خصوصی امداد حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے پھر انھوں نے جناب مفتی انتظام اللہ شہابی مرحوم کو اس منصوبے پر کام کرنے کے لیے مقرر کردیا۔ چنانچہ ان کی چند سال کی کوششوں سے اس علمی منصوبے کی پہلی جلد "قاموس الکتب اردو" کے نام سے مذہبیات کے موضوع پر شائع ہوگئی۔ یہ بابائے اردو کی زندگی کی آخری کتاب تھی جو انجمن سے شائع ہوئی۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ بابائے اردو اس کی اشاعت پر بے حد مسرور تھے اور وہ اسے اردو میں بہت بڑا اضافہ اور انجمن کا کارنامہ خیال کرتے تھے اور یہ واقعہ بھی ہے۔ اردو میں یہ اپنی نوعیت کا پہلا کام ہے اور اس کے بعد بھی اس سلسلے میں ابھی تک کسی علمی ادارے نے کوئی قدم نہیں اٹھایا ہے۔

بابائے اردو نے مذہبیات پر قاموس الکتب کی پہلی اشاعت کے فوراً بعد تاریخ وسوانح کے موضوع پر کام شروع کرادیا تھا لیکن جلد ہی ان کی زندگی مستعار کی مہلت ختم ہوگئی اور کام پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچ سکا۔ مرحوم بابائے اردو کے بعد انجمن کی زمام کار جن ہاتھوں میں آئی انھوں نے بابائے اردو کے اس منصوبے کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا اور اس پر متعدد حضرات کام کرتے رہے

تاآنکہ ۱۹۶۴ء کے اواخر میں اس کا پہلا مرحلہ مکمل ہوگیا۔

یہ پہلا مرحلہ کاغذ کے چھپے ہوئے تختوں پر کتابوں کو دیکھ کر ان کے بارے میں ضروری معلومات منتقل کرنا تھا۔ ہر کتاب کے بارے میں جو معلومات ان تختوں میں درج کی جاتی تھیں۔ وہ مصنف، کتاب کا نام، موضوع، تعداد صفحات، سال اشاعت، مطبع ناشر، کتب خانے کا حوالہ جہاں وہ کتاب ہے۔ اگر کتاب کے نام سے اس کے اندراجات و مباحث واضح نہ ہوں یا اس پر مصنف کے علاوہ کسی اہل علم کا تعارف، مقدمہ وغیرہ ہو یا اس کے بارے میں کوئی اور خاص بات ہو تو اسے بطور کیفیت خاص درج کر دیا جاتا تھا۔

کام کے اس مرحلے میں کراچی میں مولانا عقیل احمد جعفری مرحوم، مولانا اعجاز الحق قدوسی اور عبدالسلام صاحبان نے کام کیا اور لاہور میں محترم ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب نے اپنے ذرائع سے ہماری مدد کی۔

لیکن ۱۹۶۴ء کے اواخر میں حالات ایسے پیدا ہوگئے کہ قاموس الکتب کے عملے کو الگ کر دینا پڑا اور تقریباً ایک سال کے دور تعطل کے بعد ایک ایسے صاحب قلم کی ضرورت پیش ہوئی جو قاموس الکتب کے تختہ ہائے اندراج سے معلومات کو اخذ کرکے اور کتاب کے بارے میں ضروری کیفیت اور دیگر ضروری معلومات کو مختصر لفظوں میں مرتب کرکے مسودہ تیار کر دے۔ اس سلسلے میں انجمن کو جناب ابوسلمان شاہجہاں پوری کا تعاون حاصل ہوگیا۔ انھوں نے تمام تختہ ہائے اندراج کا مسودہ تیار کرکے انھیں مرتب کیا اور کاتب کے حوالے کردیا۔ اس دوران میں انجمن کو اُردو کالج کے پروفیسر محمد ایوب قادری صاحب کا تعاون اعزازی طور پر حاصل ہوگیا۔ انھوں نے قاموس الکتب کے مسودے پر نظر ثانی فرمانے کی زحمت گوارا کی اور کتابت کی تصحیح ابوسلمان صاحب نے کی۔ اس طرح قاموس الکتب اُردو جلد دوم تاریخ و سوانح کا مسودہ بڑی حد تک تیار ہوگیا۔ ترتیب و تسوید اور نظر ثانی کا کچھ کام انجمن کے سابق مددگار معتمد ادبی جناب مشفق خواجہ کی نگرانی میں انجام پایا مگر ان کے جانے کے بعد یہ کتاب پھر تعویق کا شکار ہوگئی اور جب مسودے کی پہلی چھپائی ہمارے سامنے آئی تو کچھ ایسی غلطیاں بھی سامنے آئیں جن کی وجہ سے ہم گومگو میں پڑ گئے کہ انھیں کس طرح دور کیا جائے۔ اب تدوینِ نو کے اخراجات برداشت سے باہر ہیں اور کتاب کو چھاپ دینا بے حد ضروری ہوگیا ہے چنانچہ ہم خوشی اور معذرت کے ملے جلے جذبات کے ساتھ کتاب جیسی حالت میں ہے پیش کر رہے ہیں۔ ہماری بے سروسامانی کو دیکھتے ہوئے اردو دنیا ہماری کوتاہیاں معاف کر دے تو عنایت ہوگی ورنہ ہم نے اپنی کوتاہیوں کا اعتراف تو کر ہی لیا ہے۔ عام مطبوعات کے پیش نظر یہ کوتاہیاں زیادہ نہیں مگر ایک علمی ادارے کے شایان شان بھی نہیں۔ بہرحال جو کچھ ہے وہ حاضر ہے۔ آئندہ ایڈیشن میں ان کی تصحیح کر دی جائے گی۔ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو یہ ایک شاندار کارنامے کا دوسرا باب ہے۔ مشکل کمل ہوا مگر ہوگیا اور ع ہزار بادۂ ناخوردہ در رگ تاکست

اس موقعے پر ہم اپنے کرم فرماؤں کا شکریہ ادا کرنا نہیں بھول سکتے جنھوں نے اس کی ترتیب میں ہماری مدد کی اور اپنے ذاتی کتب خانے سے نہ صرف استفادے کا موقع دیا بلکہ اپنے کتب خانوں کی کتابوں کے بارے میں خود ہی تختہ ہائے اندراج مکمل کرکے بھیج دیئے۔ اس سلسلے میں ہم کراچی سے پروفیسر محمد ایوب قادری اور ابوسلمان شاہجہاں پوری کے اور لاہور سے جناب محمد عالم مختار حق، محمد اقبال مجددی، عابد نظامی اور حکیم محمد موسیٰ امرتسری صاحبان کے شکرگزار ہیں۔ اُمید ہے کہ اہل علم اور اہلِ شوق آئندہ بھی ہماری مدد کریں گے۔

مقدمہ

مندرجہ ذیل مقدمہ نوشتہ بابائے اردو مرحوم قاموس الکتب کی جلد اول میں شامل ہے جسے یہاں اس لیے دہرایا جا رہا ہے کہ فہرست کتب کی ترتیب کیوں کر اور کن حالات میں ہوئی، اور اس منصوبے کی اصل کیا ہے معلوم ہو سکے۔ ساتھ ہی بابائے اردو کا یہ مقدمہ تبرک کی حیثیت رکھتا ہے۔

وہ بنی نوع انسان کا بہت بڑا محسن تھا جس نے تحریر کا فن ایجاد کیا۔ جب تحریر وجود میں نہیں آئی تھی تب بھی انسان علم تہذیب سے (جیسی کچھ بھی تھی) محروم نہ تھا۔ اس زمانے میں انسان اپنی معلومات دوسروں کو زبانی پہنچاتا تھا۔ حافظے کی اس زمانے میں بڑی قدر اور اہمیت تھی۔ بعض لوگ فطرتاً اس کے لیے موزوں تھے اور بعض کو خاص طور پر اس غرض کے لیے تربیت دی جاتی تھی۔ جن لوگوں کا حافظہ قوی ہوتا تھا ان کی بڑی عزت کی جاتی تھی اور وہ بڑے عالم سمجھے جاتے تھے۔ آج کل ایسے لوگوں کو جن کا علم اور معلومات وسیع ہوتی ہیں استعارتاً ہم چلتی پھرتی ان سائکلوپیڈیا کہتے ہیں۔ لیکن قدیم زمانے میں ایسے لوگ فی الحقیقت چلتی پھرتی ان سائکلوپیڈیا ہوتے تھے۔ کیوں کہ ان کا سارا علم ان کے دماغ میں محفوظ ہوتا تھا۔ حافظے کی قدر اور اہمیت جیسی اس پرانے زمانے میں تھی ہمارے زمانے میں نہیں۔ اس وقت قوی حافظہ لوگوں کی ضروریات میں سے تھا۔ آج کل ہمارے زمانے میں حافظے کی مدد کے لیے بے شمار چیزیں ایجاد ہو گئی ہیں۔ جن کی بدولت حافظے پر سے بار بہت کم ہو گیا ہے۔

حافظہ بڑا دغا باز ہوتا ہے، اس پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا اس میں بھول چوک اور سہو کی بہت گنجائش ہے۔ اور پھر یہ کیسی قباحت ہے کہ انسان کی عمر بھر کی محنت سے جو کچھ حاصل کرتا ہے اس کے ساتھ وہ بھی فنا ہو جاتا ہے۔ بخلاف اس کے تحریر کا طریقہ بہت قابلِ وثوق ہے یعنی جو کچھ لکھ لیا جاتا ہے وہ قائم رہتا ہے اور انسان کے تجربے، اس کی معلومات اور علوم و فنون اور اس کی اختراعات و ایجادات محفوظ رہتی ہیں اور آنے والی نسلیں اس سے استفادہ کرتی ہیں۔ یہ تحریر کا احسان ہے کہ اس کی بدولت ہماری تہذیب ترقی کرتے کرتے اس درجے کو پہنچ گئی ہے۔

تحریر کی ایجاد سے کتابت کو فروغ ہوا اور کاتبوں کی مانگ ہونے لگی۔ جو کتاب تصنیف ہوتی اس کو دوسروں تک پہنچانے یا اشاعت کا یہی ذریعہ تھا۔ اہل ثروت یا امرا اور بادشاہ جنھیں علم کا شوق ہوتا وہ کاتب ملازم رکھ کر کتابیں نقل کرواتے اور اپنے کتب خانوں کی زینت بناتے۔ جنھیں استطاعت نہ ہوتی وہ خود نقل کرتے۔ مدارس اور درس گاہوں میں یہی قلمی کتب ہیں کام دیتی تھیں طالب علم اور استاد اپنی درسی کتابیں خود نقل کرتے یا جنھیں استطاعت ہوتی وہ کاتبوں سے اجرت دے کر نقل کرواتے یا ان سے خرید لیتے۔ ایسی قلمی کتابیں ہمارے ملک میں اب بھی پائی جاتی ہیں اور کتب خانوں اور گھروں میں بڑی حفاظت سے رکھی جاتی ہیں۔ اسی کتابت کے سلسلے میں خوش نویسی کا فن وجود میں آیا جو ہمارے فنون لطیفہ میں ممتاز درجہ رکھتا ہے۔ اس فن میں ایسے ایسے باکمال استاد گزرے ہیں جنھوں نے اس میں ایسی نئی نئی ایجادات اور گل کاریاں کی ہیں کہ جن کے نمونے

دیکھ کر آنکھیں روشن ہوتی ہیں۔ ان کی وصلیاں اور قطعات بڑی قدر اور احترام سے دیکھے جاتے اور بیش قیمت نوادرات میں شمار کیے جاتے ہیں۔ ان باکمال اساتذہ کے نام آج بھی بڑی عزت سے لیے جاتے ہیں۔ ہماری تہذیب کو فروغ دینے میں ان کا بھی حصہ ہے۔ اسی ضمن میں جلد سازی کا فن بھی ہے۔ جلد سازوں نے اس میں بڑے بڑے ہنر دکھائے ہیں۔ قدیم جلد سازی کے قدردان ڈھونڈ ڈھونڈ کر اور بڑی قیمتیں دے کر ایسی کتابیں حاصل کرتے ہیں۔

کتابوں کے دشمن کچھ کم نہیں۔ آتش زدگی، زلزلے، سیلاب، جنگ وجدل، بعض جاہل اور ظالم وجابر فاتح اور دیگر اتفاقی حادثات نے کتابوں اور کتب خانوں کو بہت کچھ تباہ کیا ہے۔ یہ حادثات تو کبھی کبھی ہوتے ہیں لیکن ایک دشمن جو اگرچہ حقیر ہے مگر بڑا ظالم ہے، اس کا وجود خود کتاب کی ذات میں ہے۔ وہیں پیدا ہوتا ہے اور وہیں پرورش پاتا ہے۔ بڑا نمک حرام ہے جس ہانڈی میں کھاتا ہے اسی میں چھید کرتا ہے۔ یہ کتاب کا کیڑا ہے۔ خدا اس سے پناہ میں رکھے۔ چپکے چپکے صفحے کے صفحے چاٹ جاتا ہے اور کتاب کا کام تمام کر دیتا ہے۔ قلمی کتابیں اور خاص قسم کا کاغذ اس کا من بھاتا کھاجا ہے۔ غرض ان دشمنوں کے ہاتھوں ہماری بعض نہایت عزیز اور بیش بہا کتابیں جو ہمارے عالی دماغ اسلاف کی ذہنی اور روحانی کاوشوں کا نتیجہ تھیں تلف ہو گئیں۔ ان میں سے بعض کا نشان کسی ایسی فہرست سے لگا جو بعد میں کسی نے مرتب کی (مثلاً کشف الظنون) یا دوسری ایسی کتابوں سے پتہ چلا جن میں ان کے حوالے اور اقتباسات تھے۔ ورنہ یہ ہمیشہ کے لیے گمنام و بے نشان ہو جاتیں۔ اس قسم کی فہرستوں سے ایک فائدہ تو یہ ہوتا ہے کہ جو کتابیں ناپید ہو گئی ہیں ان کا سراغ لگ جاتا ہے اور معلوم ہو جاتا ہے کہ ہمارے ادب میں کون کون سی کتابیں کن کن موضوعات پر تھیں جو اب دسترس سے باہر ہیں۔ دوسرے جب کوئی شخص کسی موضوع پر کچھ لکھنا یا تحقیق کرنا چاہتا ہے تو اُسے معلوم ہونا چاہیے کہ اُس سے پہلے اس موضوع پر کیا کام ہو چکا ہے اور اب اس کے لیے اس میں کیا گنجائش ہے۔ تیسرے ہمیں اپنی زبان و ادب کی وسعت اور کمی کا اندازہ ہو جاتا ہے اور علم کے جس شعبے میں کمی ہے اُسے پورا کرنے کی ترغیب ہوتی ہے۔ چوتھے، ادب کے مورخ کو اس سے بہت کچھ مدد ملتی ہے۔

اردو زبان میں اس قسم کی کوئی مکمل فہرست موجود نہیں۔ سب سے اول اس کا خیال سرسید علیہ الرحمۃ کے دماغ میں آیا چنانچہ ۱۸۶۸ء میں علی گڑھ سائنٹفک سوسائٹی کی طرف سے جو ایڈریس سرولیم میور لفٹنٹ گورنر صوبہ شمال و مغرب (یو۔ پی) کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا اس میں یہ بھی ظاہر کیا گیا تھا کہ منجملہ ان کتابوں کے جو اردو زبان میں سوسائٹی تیار کر رہی ہے دو کتابیں سید احمد خاں آنریری لائف سکریٹری تیار کر رہے ہیں۔ ایک اردو لٹریچر کی تاریخ یا فہرست جس میں تمام کتابوں کا جو ابتدا سے آج تک چھپی ہیں نام، اس کے مصنف کا حال، تصنیف کا زمانہ، طرز بیان اور مختلف مقامات سے اس کی عبارت کے چند نمونے اور بعض مضامین کا خلاصہ ہوگا" (حیات جاوید) دوسری کتاب اردو ڈکشنری تھی جس کی تالیف شروع بھی کر دی تھی اور اس کا نمونہ سائنٹفک سوسائٹی کے اخبار (علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ) میں شائع بھی کیا۔ لیکن پہلی کتاب یعنی فہرست کتب کے لکھنے کی نوبت نہ آئی۔ وہ بہت کثیر الاشغال تھے اور حالات اس قدر جلد جلد بدل رہے تھے کہ ان سب منصوبوں کی تکمیل ممکن نہ تھی جو ان کے پیش نظر تھے۔

ایک مدت کے بعد جب ۱۹۰۲ء میں انجمن ترقی اردو کی بنیاد پڑی تو اس کے ابتدائی پروگرام میں ایک ایسی فہرست کی ترتیب بھی تھی۔ پروفیسر محمد سجاد مرزا بیگ دہلوی نے اس کام کا بیڑا اٹھایا۔ اور بیس سال کی محنت کے بعد ۱۹۲۳ء میں اس کی تکمیل کی۔ سابق دولت آصفیہ نے جو علم و ہنر کی بڑی سرپرست تھی مرتب فہرست کو مالی امداد دے کر سرفراز کیا۔ لیکن افسوس کہ یہ فہرست نہایت ناقص اور نامکمل ہے۔

اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ فاضل مرتب نے کتابوں کی معلومات کے لیے جو جو خانے بنائے ہیں ان کو پُر کرنے میں بہت بے پروائی اور غفلت سے کام لیا ہے۔ سب سے پہلا موضوع "ترجمہ قرآن شریف" ہے۔ اس کے تحت بیس ترجمے درج ہیں۔ حیرت کی بات ہے ان میں اعجاز القرآن، اعجاز البیان، مفتاح القرآن، لغات القرآن، کلید خزائن قرآن، جواہر قرآنی، معجزات القرآن جیسی کتابیں بھی شریک کرلی گئی ہیں۔ اگر مرتب نے ان کتابوں کے دیکھنے کی تکلیف برداشت نہیں کی تو کم سے کم ان کے ناموں ہی پر غور کرلیتے تو معلوم ہوجاتا کہ یہ کتابیں قرآن پاک کا ترجمہ نہیں ہیں۔ پھر جو ترجمے یا کتابیں اس شق کے تحت لکھی ہیں اُن میں سے اکثر کے متعلق معلومات کے جو خانے بنائے گئے ہیں وہ خالی ہیں۔ مولوی نذیر احمد اور مرزا حیرت دہلوی کے ترجموں کے متعلق نہ سن اشاعت درج ہے نہ تعداد صفحات نہ قیمت اور نہ مطبع کا نام اور نہ ملنے کا پتہ۔ یہ دونوں ترجمے اور خاص کر مولوی نذیر احمد کا ترجمہ اُس وقت مقبول عام تھا اور ہر جگہ مل سکتا تھا اگر وہ اسے اٹھا کر دیکھ لیتے تو یہ ساری معلومات اُن کو مل جاتیں۔ ان کے علاوہ اس موضوع کی دوسری کتابوں کے ساتھ بھی یہی سلوک روا رکھا ہے۔

ایک عنوان ہے "تواریخ کی متفرق کتابیں" اس میں مختلف ملکوں کی تاریخیں، مشاہیر اور دیگر اشخاص کی سوانح عمریاں، سفرنامے سب گڈمڈ کردیے ہیں۔ یہاں تک کہ جنگ ٹرانسوال، دبستان مذاہب، اختر شاہنشہی (ہندوستان کے اخباروں کی فہرست) دنیا کے عجائبات، محمڈن کالج کی ڈائرکٹری تک اسی عنوان کے تحت درج ہیں محمڈن کالج کے متعلق کچھ نہیں لکھا کہ یہ کون سا کالج ہے اور کہاں واقع ہے۔ کلام الملوک ملوک الکلام۔

"دیوان" کے عنوان کے تحت دودھ دیا ونان قلیہ، گلشن بخار اور فغان دہلی جیسی کتابیں لکھ دی ہیں۔ الحقوق والفرائض، فصوص الحکم (شیخ اکبر) عوارف المعارف (شیخ شہاب الدین) انسان کامل وغیرہ کو علم الاخلاق کے تحت درج کیا گیا ہے۔ کشف المحجوب اور فصوص الحکم کو تصوف ہنود کے تحت لکھا ہے۔ کتابوں کا اندراج عجب عجب طرح سے کیا گیا ہے۔ مثلاً مسلمانوں کی گزشتہ تعلیم الجزیہ، ایام عرب (شرر کا ناول) ترقی و تہذیب مسلمانان (مقالہ سید علی بلگرامی) عربوں کا فن تعمیر وغیرہ "تذکرۂ نسوان" کے تحت، مآثر الکرام (آزاد بلگرامی) تاریخ جنگ طرابلس، گلگشت فرنگ، کلیان دھرم (بدھ کے حالات) وغیرہ "سفرنامہ" کے تحت درج کی گئی ہیں۔ مسمریزم کے عنوان کے تحت تیرہ کتابیں ہیں۔ ان میں تاثیر الاظہار کو تین بار لکھا ہے۔ پھر اسی کتاب کو عملیات کے باب کے تحت درج کردیا ہے۔ یوگ اور معجزات کی کتابیں اسی عنوان کے تحت ہیں۔ بہار ہند اور نفائس اللغات کے مصنف کے نام نہیں دیے حالاں کہ یہ مشہور مصنف ہیں۔

"الفہرست" کی انھیں فروگزاشتوں، خامیوں اور غلطیوں کی وجہ سے اور اس لیے بھی کہ اس فہرست کو چھپے ہوئے مدت گزر گئی اور اس اثنا میں اردو مطبوعات میں قابل ذکر اور غیر معمولی اضافہ ہوا ہے' انجمن نے یہ ارادہ کیا کہ اردو مخطوطات اور مطبوعات میں قابل ذکر اور غیر معمولی اضافہ ہوا ہے' انجمن نے یہ ارادہ کیا کہ اردو مخطوطات اور مطبوعات کی ایک مفصل مستند اور معیاری فہرست تیار کی جائے۔ لیکن انجمن کی مالی حالت نے اس کی اجازت نہ دی کہ یہ کام بڑے پیمانے پر کیا جاسکے چنانچہ جناب مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی کی خدمات جز وقتی طور پر صرف دو گھنٹے روزانہ کے لیے حاصل کی گئیں اور اس طرح کام کا آغاز ہوگیا جس

اتفاق سے انھیں دنوں اقوام متحدہ کے ادارے یونیسکو نے وزارت تعلیم پاکستان سے دریافت کیا کہ آیا اردو میں اردو مخطوطات و مطبوعات کی کوئی فہرست موجود ہے اور اگر موجود نہیں تو کیا اُس کی تدوین ہو سکتی ہے۔ اس پر وزارت تعلیم نے انجمن سے دریافت کیا کہ کیا اردو میں ایسی کوئی فہرست موجود ہے اور اگر موجود نہیں تو کیا اُس کی تالیف و تدوین کی صورت نکل سکتی ہے۔ میں نے انجمن کے صدر کی حیثیت سے وزارت تعلیم کو اطلاع دی کہ ہم نے بطور خود یہ کام شروع کر دیا ہے۔ وزارت تعلیم کی طرف سے قاضی حبیب الدین احمد صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر کتب خانہ جات ہمارے کام کے ملاحظے کے لیے انجمن میں تشریف لائے۔ انھوں نے ہمارے کام کو دیکھ کر اپنے اطمینان کا اظہار کیا اور اپنے نجی تاثرات وزارت تعلیم کو بھیج دیئے۔ وزارت تعلیم نے ان کی رپورٹ پر انجمن کو اس کام کے لیے ایک لاکھ روپیہ دینا منظور کیا اور پچیس ہزار روپے کی پہلی قسط انجمن کو دے دی۔ اس امداد کے موصول ہونے پر جناب مفتی انتظام اللہ صاحب شہابی کو اس کام کے لیے کل وقتی طور پر مقرر کر دیا گیا اور انھوں نے میری نگرانی میں فہرست کی پہلی جلد جو اسلام اور دیگر مذاہب کے اردو مخطوطات و مطبوعات پر مشتمل ہے مکمل کی اور جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

فہرست کو دیکھنے کے بعد اندازہ ہوگا کہ ہماری زبان و ادب کا دامن کتنا وسیع ہے اور یہ بھی کہ اس زبان میں خاص طور پر مذہب اسلام کے بارے میں اب تک جو ذخیرہ فراہم ہوا ہے شاید ہی دنیا کی کسی دوسری زبان میں ہو۔

اس فہرست کی تیاری میں برعظیم پاک و ہند کے بیشتر کتب خانوں سے استفادہ کیا گیا ہے اور جن کتب خانوں تک رسائی نہ ہو سکی ان کی مطبوعہ یا غیر مطبوعہ فہرستوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔

ہم نے انتہائی کوشش کی کہ انڈیا آفس کی اردو مطبوعات کی فہرست حاصل کی جا سکے لیکن افسوس کہ بھارت اور پاکستان میں کہیں بھی یہ نہ مل سکی۔ ادھر سے مایوس ہو کر آخر میں نے جناب اے ڈی اظہر صاحب کو لکھا جو ان دنوں پاکستان کے ہائی کمشنر کے دفتر لندن میں مشیر مالیات کے منصب پر فائز تھے۔ انھوں نے لندن کے تمام کتب خانوں اور خاص کر اُن کتب فروشوں سے جو مشرقی کتابوں کی تجارت کرتے تھے، یہ فہرست حاصل کرنے کی کوشش کی۔ لیکن کسی سے اس کا نسخہ نہ مل سکا۔ انڈیا آفس لائبریری سے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ اُن کے پاس بھی صرف ایک ہی نسخہ رہ گیا ہے۔ نیز اس مطبوعہ فہرست کے علاوہ ہزاروں کارڈ مرتب شدہ موجود ہیں۔ اب یہ رائے قرار پائی کہ اسی مطبوعہ فہرست اور کارڈوں کا فوٹو اسٹیٹ حاصل کیا جائے۔ اس پر کچھ زیادہ صرف نہیں آتا تھا۔ لیکن اُس وقت انجمن ایسے لوگوں کے ہاتھ میں تھی جنھیں اس قسم کے کاموں سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔

اس کتاب کے پروف خود میں نے پڑھے۔ لیکن آخر میں جب ضعف بصارت کی وجہ سے مجھے پروف پڑھنے میں دقت محسوس ہونے لگی تو یہ کام انجمن کے بعض کارکنوں نے انجام دیا۔ آخر میں وزارت تعلیم حکومتِ پاکستان کی معارف پروری کا شکر یہ ادا کرتا ہوں۔ جس کی امداد و اعانت سے اس جلد کی تکمیل عمل میں آئی۔

تاریخ ۲۲ جون ۶۱ء کمرہ نمبر ۱۳۔ جناح اسپتال، کراچی

عبدالحق

فہرست

سلاطین و صدور:

سیاست داں - (انفرادی) - ۳۱۸

۱۳- متفرق

فلسفہ تاریخ و نظریات

۱۔ ابن خلدون

مقدمۂ تاریخ ابن خلدون

مترجم: مولوی عبدالرحمان، صفحات: ۷۰۸

مطبع: حمیدیہ اسٹیم پریس، لاہور، ناشر محمد انشاء اللہ،
ایڈیٹر اخبار وطن، لاہور حوالہ: کتب خانہ خاص

تین حصوں میں مقدمہ تاریخ کا ترجمہ، حصہ اول
۱۹۰۴ء میں حصہ ثانی و ثالث ۱۹۱۱ء میں شائع ہوئے۔

۱۔ احمد، شیخ غلام محمد

فلسفۂ تاریخ

۲۔

صفحات: ۲۴۴ - سال اشاعت: ۱۳۴۸ھ

حوالہ: کتب خانہ اردو کالج، کراچی۔

۳۔ اغلب، سید محمد حسین

معیار التواریخ

صفحات: ۱۷۸ - سال اشاعت: ۱۹۲۶ء

مطبع: ہمدم پریس، لکھنؤ - حوالہ: لیاقت نیشنل
لائبریری، کراچی۔

اصول اور فن تاریخ نویسی۔

۴۔ شیر خاں، محمد

تسہیل التاریخ

صفحات: ۱۵۳ - سال اشاعت: ۱۸۷۹ء

مطبوعہ: علی گڑھ - حوالہ: برٹش میوزیم لائبریری، لندن

تاریخ کی اہمیت سوال و جواب کی صورت میں۔

۵۔ عبدالحمید صدیقی

اسلام کا فلسفۂ تاریخ

صفحات: ۱۲۸ - سال اشاعت: ۱۹۵۴ء

مطبع: اردو پریس، لاہور، حوالہ: لیاقت نیشنل
لائبریری، کراچی

۶۔ مظہرالدین صدیقی، محمد

اسلام کا نظریۂ تاریخ

صفحات: ۲۱۶، سال اشاعت: ۱۹۵۱ء

ناشر: ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور

حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی

تاریخ کے مطالعے کے بارے میں اسلام کا نقطہ نظر کیا ہے اور
اس روشنی میں تاریخ نویسی کا نقطہ نظر کیا ہونا چاہیے۔

تاریخ تہذیب وتمدن

تاریخ تہذیب وتمدن ـــــ عام

۷۔ بشیر حسین زیدی، سید

دنیا کے بسنے والے

صفحات: ۱۷۲، مطبع: محبوب المطابع برقی پریس،
دہلی، حوالہ: کتب خانۂ عام۔

مختلف ملکوں کے باشندوں کے حالات۔

(طلبہ کے لیے)

۸۔ ٹائن بی، آرنلڈ جے

مطالعۂ تاریخ

مترجم: مولانا غلام رسول مہر، صفحات: ۱۰۳۸،
سال اشاعت: ۱۹۵۷ء، مطبع: اردو پریس،
لاہور، حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی۔

تہذیبوں اور معاشروں کا مطالعہ، تہذیبوں
کی تکوین، نشوو ارتقا اور شکست و انحطاط کا فلسفہ

۹۔ جعفر حسن، ڈاکٹر

اخلاقی سماجیات

صفحات: ۸۳۸، سال اشاعت: ۱۹۵۲ء،
مطبع: اشوک پریس، دہلی، حوالہ: کتب خانۂ خاص

ہندوستانی سماج اور سماجی مسائل کے
بیان میں۔

۱۰۔ طامسن بکل، سر ہنری

تاریخ تمدن

مترجم: محمد احمد علی و مولوی عبدالماجد
سال اشاعت: ۱۹۱۷ء، مطبع: الناظر پریس، لکھنؤ
ناشر دارالاشاعت انجمن ترقی اردو (ہند) لکھنؤ
حوالہ: کتب خانۂ خاص،

"ہسٹری آف سویلزیشن" کا ترجمہ دو جلدوں میں

حصہ اول، صفحات: ۱۵۲

حصہ دوم، " : ۲۳۰

۱۱۔ عبدالواحد، ابوظفر و محمد عطا، الرحمان

تمدن عتیق

صفحات: ۴۳۳، سال اشاعت: ۱۹۳۶ء
مطبع: شمس المطابع حیدرآباد دکن

دنیا کے قدیم ترین تمدن کی تاریخ۔

۱۲- فاطمہ شجاعت

ابتدائی سماجی انسانیت

صفحات: ۱۵۱، سال اشاعت: ۱۹۵۹ء،

مطبع: نیشنل فائن پرنٹنگ پریس حیدرآباد دکن

ناشر: انجمن ترقی اردو، حیدرآباد دکن،

حوالہ: کتب خانۂ خاص

انسان کے ابتدائی تمدن اور معاشرتی حالات کی تاریخ۔

۱۳- فیروز سنز، لاہور

پرانی تہذیبیں

صفحات: ۱۲۲، سال اشاعت: ۱۹۵۵ء

مطبع: فیروز سنز، لاہور، حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی

دنیا کی تہذیبوں اور تمدنوں کی تاریخ۔

۱۴- فیروز سنز، لاہور

دنیا کے لوگ

صفحات: ۱۴۴، سال اشاعت: ۱۹۵۵ء،

مطبع: فیروز سنز، لاہور، حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی

مختلف قوموں کی تہذیب و معاشرت کا تعارف۔

۱۵- کرین برنٹن

تاریخ تہذیب

مترجم: غلام رسول مہر، سال اشاعت: ۱۹۶۵ء،

ناشر: غلام علی اینڈ سنز، لاہور

حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور

تاریخ کی ابتدا اور اس کے نشو و ارتقا کی تاریخ۔

۱۶- مجیب، محمد

دنیا کی کہانی

صفحات: ۲۲۷، سال اشاعت: ۱۹۳۸ء،

مطبع: جید برقی پریس، دہلی، حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی،

دنیا کی پیدائش، قدیم تہذیبیں، مذاہب اور ممالک پر چند نشری تقریروں کا مجموعہ۔

۱۷- محبوب عالم

معلومات شادی

صفحات: ۱۴۴، سال اشاعت: ۱۸۹۶ء،

مطبع: خادم التعلیم پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانۂ خاص

شادی کے متعلق مختلف قوموں کے رسوم و رواج۔

۱۸- مناظر احسن گیلانی

ہزار سال پہلے

سال اشاعت: ۱۳۶۶ھ

مطبع: انجمن ثمرۃ الترتیب، دیو بند، ضلع سہارنپور۔

حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور

چین، ہند، اور اسلامی ملکوں کے تہذیبی و تمدنی حالات۔

۱۹- ہالی لینڈ، جان

مختصر تاریخ تمدن

مترجم: سید مبارز الدین رفعت، صفحات: ۲۵۶،

سال اشاعت: ۱۹۵۶ء، مطبع: انجمن پریس، کراچی

ناشر: انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

۲۰ —

رسالۂ کانفرنس

صفحات: ۱۷۶، مطبع: حمیدیہ اسٹیم پریس، لاہور،
ناشر: محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس، حوالہ: کتب خانۂ خاص

تہذیب و تمدن کے متعلق سرسید احمد خاں، حالی،
محسن الملک، وقار الملک اور سید محمود کے مضامین
کا مجموعہ

۲۱ —

مشرق کی نابود شدہ تہذیب

صفحات: ۱۰۸، سال اشاعت: ۱۹۰۷ء
ناشر: پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی، لاہور
حوالہ: کتب خانہ عام

مشرقی ممالک کی قدیم تہذیبوں، تمدنوں اور
معاشرتوں کی تاریخ۔

اسلامی تہذیب

۲۲۔ بارتھولڈ، وی وی

تہذیب اسلامی

مترجم: سید وزارت علی، صفحات: ۱۴۲،
سال اشاعت: ۱۹۴۴ء، ناشر: انجمن ترقی اردو ہند،
دہلی، حوالہ: کتب خانۂ خاص

۲۳۔ بارتھولڈ، وی وی

مسلمانوں کی تہذیب

مترجم: ابوالنصر محمد خالدی، صفحات: ۱۷۶،
سال اشاعت: ۱۹۲۶ء، مطبع: برقی اعظم جاہی پریس،
حیدرآباد دکن، ناشر: ادارۂ دانش و حکمت، حیدرآباد دکن،
حوالہ: کتب خانۂ خاص

روسی مستشرق کی کتاب "مسلمان کلچر" کا ترجمہ۔

۲۴۔ باقر، ملا محمد

تہذیب الاسلام معروف بہ تہذیب المومنین

مترجم: مقبول احمد،
سال اشاعت: ۱۳۲۸ھ، مطبع: مطبع نورالمطابع،
لکھنؤ، حوالہ: ذخیرۂ محبوب عالم، پنجاب یونی ورسٹی
لائبریری، لاہور

۲۵۔ پکتھال، محمد مارمیڈیوک

تہذیبِ اسلامی

مترجم: شیخ عطاء اللہ،
سال اشاعت: ۱۹۵۵ء، ناشر: شیخ محمد اشرف، لاہور
حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور

مصنف کے خطبات مدراس کا ترجمہ۔

۲۶۔ تراب علی

رسالۂ عقیقہ

مترجم: محمد نظام، صفحات: ۳۲، سال اشاعت: ۱۸۶۱ء
مطبوعہ: کانپور، حوالہ: برٹش میوزیم لائبریری، لندن،

مسلمانوں میں عقیقے اور تسمیہ خوانی کی رسوم کے متعلق،

۲۷۔ جرجی زیدان

تمدن اسلام

مترجم: محمد حلیم انصاری ردولوی، مطبع: روز بازار پریس،
امرتسر، ناشر: وکیل اخبار، امرتسر، حوالہ: کتب خانۂ خاص
پہلا حصہ، صفحات: ۳۰۸، دوسرا حصہ، صفحات ۲۲۲

۲۸ - رشید، غلام دستگیر

اسلامی تقاریب

صفحات: ۳۲۰، سال اشاعت: ۱۹۵۷ء

مطبع: مشہور آفسٹ پریس، کراچی، حوالہ: سنٹرل سکریٹریٹ لائبریری، کراچی

مختلف اسلامی تیوہاروں پر متعدد علما و فضلا کے مضامین کا مجموعہ۔

۲۹ - رشید، غلام دستگیر

اسلامی تہذیب کیا ہے؟

صفحات: ۲۴۴، سال اشاعت: ۱۹۴۹ء

مطبع: اتحاد پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانۂ اردو کالج کراچی

مختلف مشاہیر کے مضامین کا مجموعہ۔

۳۰ - رشید اختر ندوی

تہذیب و تمدنِ اسلامی

مطبع: اتحاد پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانۂ اردو کالج کراچی

پہلا حصہ، صفحات: ۴۳۴، سال اشاعت: ۱۹۵۵ء

رسولِ اکرم کے عہد سے حضرت علیؓ کے عہد تک

دوسرا حصہ، صفحات: ۷۰۸، سال اشاعت: ۱۹۵۲ء
اموی عہد۔

تیسرا حصہ، صفحات: ۲۰۴، عباسی عہد

۳۱ - سالک، عبدالمجید

مسلم ثقافت ہندوستان میں

صفحات: ۱۰۱۸، سال اشاعت: ۱۹۵۷ء

مطبع: دین محمدی پریس، لاہور، حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی

مسلمانوں کی آمد سے بہادر شاہ ظفر کے زمانے تک۔

۳۲ - مہدی، ڈاکٹر

تاریخ تمدن اسلامی (عہدِ عباسی)

صفحات: ۱۰۸، سال اشاعت: ۱۹۵۵ء

مطبع: یونائٹڈ انڈیا پریس، لکھنؤ، ناشر: اسعد توسل حسین

حوالہ: کتب خانۂ خاص

۳۳ - غازی الدین خاں، محمد

اعجازِ عرب

صفحات: ۷۶، حوالہ: کتب خانۂ خاص

عربوں کے علوم و فنون اور ان پر اسلام کے اثرات کا تذکرہ۔

۳۴ - کرد علی، محمد

اسلام اور عربی تمدن

مترجم: شاہ معین الدین احمد ندوی، صفحات: ۵۰۴، سال اشاعت: ۱۹۵۲ء، مطبع: معارف پریس، اعظم گڑھ، حوالہ: پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی۔

"الاسلام والحضارۃ العربیہ" کا ترجمہ۔

۳۵ - لیبان، موسیو

مقدمہ کتاب ترقی و تہذیب مسلمانان

مترجم: سید علی بلگرامی، صفحات: ۲۷، مطبع: سہیل دکن پریس، حیدرآباد دکن، حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

"تمدن عرب" کا مقدمہ جو علیحدہ بھی شائع کیا گیا۔

۳۶ - محسن الملک مہدی علی خاں، نواب

مسلمانوں کی تہذیب

صفحات: ۵۰، سال اشاعت: ۱۹۰۹ء

مطبع: نول کشور سٹیم پریس، لاہور

حوالہ: کتب خانۂ خاص

مسلمانوں کی علمی وفنی کاوشوں کا تذکرہ۔

۳۷- محمود بریلوی

فیضان اسلام

صفحات: ۱۳۰، سال اشاعت: ۱۹۵۷ء

ناشر: اسلامک کانگریس سکریٹریٹ۔

حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

تہذیب وتمدن پر اسلام کے اثرات۔

۳۸- معین الدین احمد ندوی، شاہ

اسلام اور عربی تمدن

سال اشاعت: ۱۹۵۲ء، حوالہ: فہرست تبصرات

رسالۂ اردو انجمن ترقی اردو پاکستان، صفحہ ۸

اسلام سے قبل اور بعد کے عرب کی تاریخ تمدن

۳۹- وامبری، پروفیسر

مستقبل اسلام

مترجم: ظفر عمر، صفحات: ۱۹۵، سال اشاعت: ۱۹۱۰ء

مطبع: مرکنٹائل پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

مغربی تمدن کا عروج، مسلمانوں کی پست حالت

اور مستقبل میں ان کے عروج وترقی کی توقعات۔

۴۰- وزارت علی، سید

تہذیب اسلامی۔ مسلمان کلچر

صفحات: ۱۴۴، سال اشاعت: ۱۹۴۳ء

ناشر: انجمن ترقی اردو ہند، دہلی،

حوالہ: کتب خانہ ترقی اردو بورڈ، کراچی

۴۱- یحیی ندوی، سید

اسلام کا تہذیبی نظام

سال اشاعت: ۱۹۶۴ء

ناشر: پاک اکیڈمی، کراچی

حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور

۴۲- ـــ

افضل الآداب آصفیہ

صفحات: ۱۶۰، سال اشاعت: ۱۲۶۱ھ۔

ناشر: شمس الامرا بہادر، حیدرآباد دکن،

حوالہ: کتب خانۂ خاص،

عوام وخواص کے درمیان تربیت مراتب کا بیان۔

مغربی تہذیب

۴۳- اختر، آغا شجاعت حسین

تہذیب فرنگ

صفحات: ۵۶، سال اشاعت: ۱۸۹۳ء

مطبع: نامی پریس، لکھنؤ، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

اودھ کے شہزادوں کو انگریزی تہذیب سکھلانے

کے لیے لکھی گئی۔

۴۴- مسعود احمد عباسی

تہذیب جدید

صفحات: ۲۰۸، سال اشاعت: ۱۹۴۷ء

مطبع: لطیفی پریس، دہلی، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

نئی تہذیب کے رجحانات اور ہندوستان پر اُن

کا اثر۔

تہذیب و تمدنِ ممالک

انڈونیشیا

۴۵- نور احمد قادری

تمدنِ انڈونیشیا (جلد اوّل)

صفحات: ۶۱۸، سال تصنیف: ۱۹۵۶ء

مطبع: مطبع پریس پاکستان، کراچی،

ناشر: شعبۂ اطلاعات، سفارت خانہ انڈونیشیا، کراچی

حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

قبل تاریخ کے زمانے سے ولندیزیوں کے زوال تک۔

ایران

۴۶- منشی، ڈاکٹر خواجہ ایف ایم شجاع

کتاب ایران

صفحات: ۵۵۳ مطبع: گیلانی پریس، لاہور،

حوالہ: کتب خانہ عام،

ایران کے چشم دید حالات، ایرانیوں کی تہذیب، اخلاق اور معاشرت کا تذکرہ - دو جلدوں میں

برما

۴۷- حفیظ اللہ خاں بھمند زئی

حالات برہما

صفحات: ۳۲، سال اشاعت: ۱۹۱۰ء

مطبع: مطبع شمسی حیدرآباد دکن، حوالہ: کتب خانۂ خاص

برمیوں کی وضع قطع اور رسوم کا تذکرہ۔

پاکستان

۴۸- ادریس صدیقی، محمد

وادی سندھ کی تہذیب

صفحات: ۲۸۰، سال اشاعت: ۱۹۵۹ء

ناشر: محکمہ آثار قدیمہ پاکستان، حوالہ: کتب خانہ اردو کالج کراچی

وادی سندھ کی تہذیب آثار قدیمہ کی روشنی میں۔

۴۹- جمیل جالبی

پاکستانی کلچر

صفحات: ۲۴۴، سال اشاعت: ۱۹۶۴ء

مطبع: مشہور آفسٹ پریس، کراچی، ناشر: مشتاق بک ڈپو، کراچی، حوالہ: کتب خانہ عام۔

قومی کلچر کی تشکیل کا مسئلہ

۵۰- سیتارام کوہلی

ہڑپا اور موہن جو دارو

صفحات: ۱۱۲، سال اشاعت: ۱۹۶۴ء

مطبع: سپر آرٹ پریس، کراچی، حوالہ: کتب خانہ عام،

پاکستان کی قدیم تہذیب کا تعارف

۵۱- کامران فائق

مغربی پاکستان ــ ایک تہذیبی رحلت

صفحات: ۲۵۶، سال اشاعت: ۱۹۵۵ء

مطبع: استقلال پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانہ خاص

مغربی پاکستان کی تہذیب اور اس کا تاریخی ارتقا۔ سندھ کی قدیم تہذیب سے موجودہ عہد تک۔

ترکی

۵۲- خالد خلیل

ترکوں کی معاشرت

صفحات: ۱۴۴،

مطبع: مفید عام پریس، آگرہ، حوالہ: کتب خانۂ عام

"دی ڈائری آف اے ترک" کا ترجمہ

جاپان

۵۳- رام پرشاد سنگھ

جاپان اور وہاں کے باشندگان کے تعجب خیز رسم و رواج

صفحات: ۲۰۳، سال اشاعت: ۱۹۰۶ء

مطبع: میجر بنارس پریس، بنارس، ناشر: جی بی۔ سریواستو نادان، حوالہ: کتب خانہ خاص

چین

۵۴- فصیح، غلام قادر

حالات چین

صفحات: ۵۵، سال اشاعت: ۱۸۹۰ء

مطبع: پنجاب پریس، سیالکوٹ، حوالہ: کتب خانہ خاص

چین کی تہذیب و معاشرت۔

عرب

۵۵- احسان الحق کنجاہ، محمد

تمدن عرب

صفحات: ۴۴۳، سال اشاعت: ۱۹۵۳ء

مطبع: تعمیر پریس، راولپنڈی، حوالہ: پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی،

ظہور اسلام سے قبل اور بعد کی تاریخ تمدن عرب۔

۵۶- جوزف ہیل، ڈاکٹر

عربوں کا تمدن

مترجم: سید نذیر نیازی، صفحات: ۱۹۵،

سال اشاعت: ۱۹۲۷ء، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

تمدن کے ساتھ اسلامی علوم و فنون پر بھی نظر ڈالی گئی ہے۔

۵۷- عبداللہ العمادی

صناعتہ العرب

صفحات: ۵۲، مطبع: رفاہِ عام اسٹیم پریس، لاہور

حوالہ: کتب خانۂ خاص،

اہل عرب کی ایجادوں اور دستکاریوں کا تذکرہ

۵۸- لیبان، ڈاکٹر

تمدن عرب

مترجم: سید علی بلگرامی، صفحات: ۶۵۹،

سال اشاعت: ۱۸۹۸ء، مطبع: مفید عام پریس، آگرہ

ناشر: محمد قادر علی خاں صوفی، حوالہ: کتب خانۂ خاص

۵۹- نجم الدین سیوہاروی

رسوم جاہلیت

صفحات: ۱۶۳، حوالہ: کتب خانۂ خاص

۶۰- نوفل آفندی طرابلسی

محبوب الادب ترجمہ صاحب الطرب فی تقدمات العرب

مترجم: مولوی سید جلال، صفحات: ۵۲۵،

مطبع: آئین دکن پریس، حیدرآباد دکن،

ناشر: ادارہ ادبیات اردو، حیدرآباد دکن،

حوالہ: کتب خانۂ خاص،

عرب کے تاریخی، تہذیبی و معاشرتی حالات

۶۱- - - -

آئینۂ عرب

مترجم: مولوی محمد ہارون، صفحات: ۷۵۶،

سال اشاعت: ۱۹۰۴ء، مطبع: خادم التعلیم پریس،

لاہور، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

عرب کی تہذیب، ثقافت اور اقوام کے حالات

۶۲- - - -

مراسم العرب وعاداتہم قبل الاسلام (ایام جاہلیت)

صفحات: ۴۰، سال اشاعت: ۱۸۹۱ء،

مطبع: اسلامیہ پریس، لاہور، ناشر: محمدن ٹریکٹ

اینڈ بک ڈپو، لاہور، حوالہ: کتب خانۂ خاص-

ہندوستان — عام

۶۳- ایشور ٹوپا

ہندوستانی تمدن (جلد اول)

صفحات: ۳۴۳، سال اشاعت: ۱۹۴۳ء،

مطبع: اعظم اسٹیم پریس، حیدرآباد دکن،

حوالہ: کتب خانہ عام

تمدنی ترقی کا جائزہ-

۶۴- عابد حسین، ڈاکٹر سید

قومی تہذیب کا مسئلہ

صفحات: ۳۳۵، سال اشاعت: ۱۹۵۵ء

مطبع: تاج آرٹ پریس، دہلی، حوالہ: لیاقت نیشنل

لائبریری، کراچی-

ہندوستانی تہذیب کے نشوونما کا مسئلہ

۶۵- کاشی کھتری، لالہ

بے سمجھ بچوں کی شادی

صفحات: ۱۶، سال تصنیف: ۱۸۷۸ء

مطبع: نامور پریس، الہ آباد، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

کم عمری میں شادی کی مخالفت

۶۶- کالی داس کپور

ہندوستان کی تہذیب کی تکمیل

صفحات: ۵۰، مطبع: نول کشور پریس، لکھنؤ،

حوالہ: رسالہ معارف، اعظم گڑھ جنوری [illegible] صفحہ [illegible]

قدیم آریائی تہذیب، بدھ تہذیب اور مسلم

تہذیب اور اس کے اثرات-

۶۷- لی بان، ڈاکٹر

تمدنِ ہند

مترجم: سید علی بلگرامی، صفحات: ۵۳۱،

سال اشاعت: ۱۹۱۳ء، مطبع: مطبع ہاشمی، آگرہ

حوالہ: کتب خانۂ خاص،

ہندوستان کے حالات، اقوام، رسوم

مذاہب وغیرہ کا تفصیلی جائزہ- (فرانسیسی سے ترجمہ)

۶۸- وارنر، ڈبلو، ٹی

تمدن ہند

صفحات: ۲۸۰، سال اشاعت: ۱۹۰۱ء،

ناشر: میکملن اینڈ کو، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

ہندوستان کے حالات، مع تصاویر-

۶۹- ہالرائڈ، ڈبلو جے-

رسومِ ہند

مترجم: پیارے لال آشوب دہلوی، صفحات: ۳۲۰،
سال اشاعت: ۱۹۶۱ء، مطبع: نورونز پرنٹنگ
پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانۂ ترقی اردو بورڈ، کراچی
سب سے پہلا ایڈیشن ۱۸۶۹ء میں شائع ہوا تھا

عہد قدیم

۷۰۔ بینی پرشاد
ہندوستان کا قدیم تمدن
مترجم: اصغر حسین، صفحات: ۷۲،
سال اشاعت: ۱۹۵۰ء، ناشر: ہندوستانی
اکیڈمی، الہ آباد، حوالہ: کتب خانۂ اردو کالج، کراچی
ہندی سے ترجمہ۔

۷۱۔ دت، آر سی
قدیم ہندوستان کی تہذیب
مترجم: اے۔ ولایت احمد، صفحات: ۱۲۱،
سال اشاعت: ۱۹۱۰ء، مطبع: بال چندر پریس،
جے پور، ناشر: بال چند شاستری، حوالہ: کتب خانہ خاص
دو ہزار سال قبل مسیح سے چودہ سو سال قبل مسیح
تک کی تہذیب۔ سویلائزیشن آف انشنٹ انڈیا کا ترجمہ

۷۲۔ رام پرشاد
ہندو تہواروں کی اصلیت
صفحات: ۱۲۸،
سال اشاعت: ۱۹۲۵ء
مطبع۔ مفید عام پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانۂ خاص

۷۳۔ سجاد مرزا
رسوم ہند (حصۂ سوم)
ناشر: گلاب سنگھ اینڈ سنز، لاہور،
حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور،
قدیم رسم ورواج

۷۴۔ مجیب، محمد
تاریخ تمدن ہند (عہد قدیم)
صفحات: ۳۸۸، سال اشاعت: ۱۹۵۱ء
مطبع: عثمانیہ یونی ورسٹی پریس، حیدرآباد دکن
حوالہ: کتب خانہ مرکزی آثار قدیمہ پاکستان، کراچی
تمدن کی تعریف، تمدن کا آغاز اور ہندوستانی
تمدن کے مختلف ادوار وخصوصیات۔

۷۵۔ مظہر الحسن زبیری
ہندوستان کی قدیم تہذیب
صفحات: ۱۹۱، سال تصنیف: ۱۹۰۵ء،
سال اشاعت: ۱۹۰۸ء، مطبع: خادم التعلیم اسٹیم
پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

۷۶۔ نندلال دے، بابو
ہندوستان قدیم کی تہذیب
مترجم: سید امجد علی اشہری، صفحات: ۱۹۱،
سال اشاعت: ۱۹۰۸ء، مطبع: خادم التعلیم اسٹیم
پریس، لاہور، ناشر: منشی محمد عبدالعزیز، لاہور
حوالہ: کتب خانۂ خاص،
"سویلیزیشن ان اینشنٹ انڈیا" کا ترجمہ

عہد متوسط

۷۷۔ چنتامن کیلکر
مرہٹوں کا تمدن

مترجم: مانک راؤ وٹھل راؤ، صفحات: ۱۳۹،
سال اشاعت: ۱۹۲۵ء، مطبع: مطبع انوار الاسلام
حیدرآباد دکن، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

۷۸- شرر، عبدالحلیم

مشرقی تمدن کا آخری نمونہ

صفحات: ۳۵۲، مطبع: مرکنٹائل پریس، لاہور،
حوالہ: کتب خانۂ عام،

لکھنؤ کے تمدنی و معاشرتی حالات۔

۷۹- دارالمصنفین، اعظم گڑھ

ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے عہد کے تمدنی کارنامے

صفحات: ۴۴۴، سال اشاعت: ۱۹۶۳ء
مطبع: معارف پریس، اعظم گڑھ،
ناشر: دارالمصنفین، اعظم گڑھ
حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور

۸۰- راشد الخیری

یادگار تمدن

سال اشاعت: ۱۹۳۷ء
ناشر: عصمت بک ایجنسی، دہلی، حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی
لائبریری، لاہور،

تمدن دہلی کی تاریخ (رسالہ)

۸۱- سالک، عبدالمجید

مسلم ثقافت ہندوستان میں

صفحات: ۹۱۱، سال اشاعت: ۱۹۵۷ء
مطبع: دین محمدی پریس، لاہور،
حوالہ: کتب خانہ اردو کالج، کراچی

ہندوستان میں مسلم ثقافت کی تاریخ

۸۲- سید احمد دہلوی

رسوم دہلی

صفحات: ۱۲۸، مطبع: مخزن پریس، دہلی،
ناشر: شیخ محمد اکرام، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

۸۳- صباح الدین عبدالرحمان سید

ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے عہد کے تمدنی جلوے

صفحات: ۶۲۹، سال اشاعت: ۱۹۷۳ء
مطبع: معارف پریس، اعظم گڑھ، ناشر: دارالمصنفین
اعظم گڑھ، حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور

۸۴- عرش تیموری،

قلعۂ معلّی کی جھلکیاں

صفحات: ۷۰، سال اشاعت: ۱۹۳۷ء
مطبع: محبوب المطابع برقی پریس، دہلی،
ناشر: مکتبۂ جہاں نما، دہلی، حوالہ: کتب خانۂ خاص

آخری عہد میں مغلوں کے محلات کی رسوم

۸۵- فیض الدین

بزم آخر

سال اشاعت: ۱۹۴۵ء
ناشر: دانش محل، دہلی، حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور

دہلی کے آخری دو بادشاہوں کا طریق معاشرت

۸۶- گوری شنکر

قرونِ وسطیٰ میں ہندوستانی تہذیب

مترجم: منشی پریم چند، صفحات: ۲۴۸،
سال اشاعت: ۱۹۳۱ء، مطبع: ہندوستانی پریس،
الہ آباد، ناشر: ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد۔
حوالہ: کتب خانۂ خاص،
۷۰۰ء تا ۱۲۰۰ء کی ہندوستانی تہذیب کے متعلق
لکچروں کا مجموعہ۔

۸۷۔ مقبول احمد صمدانی
راجپوت اور مغل زن و شو کی معاشرت
صفحات: ۲۱۴، سال اشاعت: ۱۹۴۷ء
مطبع: سلیمی برقی پریس، الہ آباد حوالہ: کتب خانۂ عام
تاریخی تجزیہ۔

۸۸۔ مہتا، این سی
ہندوستانی تہذیب میں اسلام کا حصہ
صفحات: ۳۳، مطبع: نظامی پریس، بدایوں۔
حوالہ: رسالہ اردو، ۱۹۳۵ء ص ۴۳۶

۸۹۔ یوسف علی، علامہ عبداللہ
تاریخ ہند کے ازمنہ وسطیٰ میں معاشرتی اور اقتصادی حالات
صفحات: ۱۰۶، سال اشاعت: ۱۹۲۹ء
ناشر: ہندوستانی اکیڈمی، الہ آباد،
حوالہ: کتب خانہ مرکزی آثار قدیمہ پاکستان، کراچی۔
مصنف کی تین تقریروں کا مجموعہ جو مارچ ۱۹۲۸ء
میں کی گئی تھیں۔

دورجدید

۹۰۔ تراب علی
تاریخ طرز معاشرت ہندو انگلینڈ
صفحات: ۳۵۲، سال تصنیف: ۱۸۹۳ء
مطبع: مطبع عالی جاہ، گوالیار، ہندوستان
حوالہ: کتب خانہ خاص
حضرت آدمؑ سے رسول اکرمؐ تک کے معاشرتی امور
کا تذکرہ اور ہندو انگلستان کے معاشرتی واقعات۔

۹۱۔ حسن الدین احمد
ہندوستان کا معاشرتی نظام
صفحات: ۸۰، مطبوعہ، حیدرآباد دکن، حوالہ: رسالہ
اردو ۱۹۵۳ء صفحہ ۱۳۵،
دوسری جنگ عظیم کے ہندوستانی معاشرت پر
اثرات اور جنگ کے بعد کے معاشرتی مسائل۔

۹۲۔ عابد حسین، ڈاکٹر سید
ہندوستانی قومیت اور قومی تہذیب (جلد اول
صفحات: ۳۱۲، سال اشاعت: ۱۹۴۶ء
مطبع: دیال پریس، دہلی حوالہ: کتب خانۂ عام۔
نئے عہد پر قدیم ہندوستانی تہذیب کے اثرات
کا جائزہ۔

۹۳۔ عابد حسین، ڈاکٹر سید
ہندوستانی قومیت اور قومی تہذیب (جلد دوم)
صفحات: ۳۱۴، سال اشاعت: ۱۹۴۶ء
مطبع: دیال پریس، دہلی، حوالہ: کتب خانۂ عام۔
ہند مسلم تہذیب کے میل اور مغل عہد کے اثرات کا ذکر

مترجم: منشی پریم چند، صفحات: ۲۲۸،

سال اشاعت: ۱۹۳۱ء، مطبع: ہندوستانی پریس،

الہ آباد، ناشر: ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد۔

حوالہ: کتب خانۂ خاص،

۷۰۰ء تا ۱۲۰۰ء کی ہندوستانی تہذیب کے متعلق

لکچروں کا مجموعہ۔

۸۷۔ مقبول احمد صمدانی

راجپوت اور مغل زن و شو کی معاشرت

صفحات: ۲۱۲، سال اشاعت: ۱۹۴۷ء

مطبع: سلیمی برقی پریس، الہ آباد حوالہ: کتب خانۂ عام

تاریخی تجزیہ۔

۸۸۔ مہتا، این۔سی

ہندوستانی تہذیب میں اسلام کا حصہ

صفحات، ۲۳، مطبع: نظامی پریس، بدایوں۔

حوالہ: رسالہ اردو، ۱۹۳۲ء ۲۳

۸۹۔ یوسف علی، علامہ عبداللہ

تاریخ ہند کے ازمنہ وسطیٰ میں معاشرتی اور اقتصادی حالات

صفحات: ۱۰۶، سال اشاعت: ۱۹۳۹ء

ناشر: ہندوستانی اکیڈمی، الہ آباد۔

حوالہ: کتب خانہ مرکزی آثار قدیمہ پاکستان، کراچی۔

مصنف کی تین تقریروں کا مجموعہ جو مارچ ۱۹۲۸ء

میں کی گئی تھیں۔

دور جدید

۹۰۔ تراب علی

تاریخ طرز معاشرت ہند و انگلینڈ

صفحات: ۳۵۲، سال تصنیف: ۱۸۹۳ء

مطبع: مطبع عالی جاہ، گوالیار، ہندوستان

حوالہ: کتب خانہ خاص

حضرت آدمؑ سے رسول اکرمؐ تک کے معاشرتی امور

کا تذکرہ اور ہند و انگلستان کے معاشرتی واقعات۔

۹۱۔ حسن الیحییٰ احمد

ہندوستان کا معاشرتی نظام

صفحات: ۸۰، مطبوعہ، حیدرآباد دکن، حوالہ: رسالہ

اردو ۱۹۴۵ء صفحہ ۱۳۵،

دوسری جنگ عظیم کے ہندوستانی معاشرت پر

اثرات اور جنگ کے بعد کے معاشرتی مسائل۔

۹۲۔ عابد حسین، ڈاکٹر سید

ہندوستانی قومیت اور قومی تہذیب (جلد اول)

صفحات: ۲۱۲، سال اشاعت: ۱۹۴۶ء

مطبع: دیال پریس، دہلی، حوالہ: کتب خانۂ عام۔

نئے عہد پر قدیم ہندوستانی تہذیب کے اثرات

کا جائزہ۔

۹۳۔ عابد حسین، ڈاکٹر سید

ہندوستانی قومیت اور قومی تہذیب (جلد دوم)

صفحات: ۲۱۴، سال اشاعت: ۱۹۴۶ء

مطبع: دیال پریس، دہلی، حوالہ: کتب خانۂ عام۔

ہند مسلم تہذیب کے میل اور مغل عہد کے اثرات کا ذکر

۹۴۔ عابد حسین، ڈاکٹر سید

ہندوستانی قومیت اور قومی تہذیب (جلد دوم)

صفحات: ۴۱۳، سال اشاعت: ۱۹۴۶ء۔

مطبع: دیال پریس، دہلی، حوالہ کتب خانۂ عام۔

انگریزی تہذیب کے اثر اور اس کے خلاف ردِ عمل وغیرہ کی تفصیلی معلومات۔

۹۵۔ میو، مس

بھارت ماتا مع جواب

مترجم: مرزا محمد عبدالحمید، صفحات: ۴۰۳،

سال اشاعت: ۱۹۲۸ء، ناشر: انڈین سوشل بک سوسائٹی، لاہور، حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری کراچی

مدر انڈیا کا ترجمہ۔ ہندوستان کی معاشرتی حالت کا جائزہ

۹۶۔ یوسف علی، عبداللہ

انگریزی عہد میں انقلاب

صفحات: ۳۵۳، سال اشاعت: ۱۹۳۰ء

ناشر: ہندوستانی اکیڈمی، الہ آباد، حوالہ کتب خانۂ ترقی اردو بورڈ، کراچی

انگریزی عہد میں ہندوستان کے تمدن کی تاریخ ۱۸۰۰ء تا ۱۹۱۰ء (دو حصے)

۹۷۔ یوسف علی، عبداللہ

انگریزی عہد میں ہندوستان کے تمدن کی تاریخ

صفحات: ۵۱۴، سال اشاعت: ۱۹۳۰ء

مطبع: اسٹی پریس، الہ آباد، ناشر: ہندوستانی اکیڈمی الہ آباد، حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

دور جدید — دکن

۹۸۔ چغتائی، محمد عبداللہ

تمدن ہند میں دکن کا حصہ

صفحات: ۸۸، سال اشاعت: ۱۹۳۵ء

مطبع: مرکنٹائل پریس، لاہور، ناشر: مصنف، لاہور، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

عہد قدیم سے جدید عہد تک دکن کی تہذیبی، تمدنی، معاشرتی، علمی، ادبی، فنی اور تعمیری تاریخ۔

۹۹۔ عبدالغفور خاں، محمد

انوار تمدن

صفحات: ۲۵۴، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

دکن کی تمدنی، اقتصادی، معاشرتی، تہذیبی و سیاسی تاریخ (قلمی)

۱۰۰۔ نصیر الدین، ہاشمی

آج کا حیدرآباد

صفحات: ۱۱۲، سال اشاعت: ۱۹۵۳ء

مطبع: انڈیکیشن پریس، حیدرآباد دکن،

حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری، کراچی،

گولکنڈہ اور حیدرآباد کی ثقافتی تاریخ۔ قلی قطب شاہ کی عکسی تصویر لگی ہے۔

یورپ

۱۰۱۔ بیج ناتھ، لالہ

انگلینڈ اور انڈیا

صفحات: ۲۰۸، سال اشاعت: ۱۸۹۷ء

مطبع: ودیا درپن پریس، میرٹھ۔

حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

یورپ کی تہذیب ایک ہندوستانی کے نقطۂ نظر سے

۱۰۲۔ لیکی

تاریخ اخلاق یورپ

مترجم: عبدالماجد بی اے، صفحات: ۳۹۲،

مطبع: انسٹی ٹیوٹ پریس، علی گڑھ، حوالہ: کتب خانہ ترقی اردو بورڈ، کراچی

تعلیم و ثقافت

ثقافتی و علمی تاریخ

۱۰۳۔ اکرام، شیخ محمد (مرتب)

ثقافت پاکستان

صفحات: ۴۴۳، مطبع: مشہور آفسٹ پریس، کراچی۔

ناشر: ادارہ مطبوعات پاکستان، کراچی،

حوالہ: کتب خانہ اردو کالج، کراچی،

آثار قدیمہ، فن تعمیر، موسیقی، مصوری، خطاطی ادب وغیرہ پر مندرجہ ذیل حضرات کے مضامین۔

شیخ محمد اکرام، سر مارٹیمر وھیلر، اشتیاق حسین قریشی سید احمد علی، احمد میاں اختر جوناگڑھی، مرزا محمد تقی عزیز احمد، نبی بخش خاں بلوچ، داؤد پوتا، عبدالسلام خورشید ام۔ام۔ کلیم، قاضی مظہر حسین اور عبدالقیوم۔

۱۰۴۔ اکرام، شیخ محمد

آب کوثر

صفحات: ۴۴۵، سال اشاعت: ۱۹۵۸ء

مطبع: فیروز پرنٹنگ ورکس، لاہور

حوالہ: کتب خانہ عام

ہندوستان میں عربوں کی آمد سے مغلیہ دور تک کی علمی و ثقافتی تاریخ۔

۱۰۵۔ اکرام، شیخ محمد

رودِ کوثر

صفحات: ۶۵۴، سال اشاعت: ۱۹۵۸ء

مطبع: فیروز پرنٹنگ ورکس، لاہور۔

حوالہ: کتب خانہ عام۔

برصغیر پاک و ہند (عہد مغلیہ) کی مذہبی، روحانی اور علمی تاریخ۔

۱۰۶۔ اکرام، شیخ محمد

موج کوثر

صفحات: ۲۱۶، سال اشاعت: ۱۹۴۰ء

مطبع: مرکنٹائل پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانۂ خاص

برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کی مذہبی اور علمی تاریخ۔ انیسویں صدی کے آغاز سے موجودہ زمانے تک۔

۱۰۷۔ چغتائی، ڈاکٹر محمد عبداللہ

علم پروری و ہنر شناسی

صفحات: ۷۲، سال اشاعت: ۱۹۵۷ء

مطبع: انشا پریس، لاہور، حوالہ: پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی۔

عہد بنو امیہ سے اورنگ زیب عالمگیر تک علوم و فنون اور ثقافت کی ترقی اور اہل علم و علمائے فنون کے حالات۔

۱۰۸۔ رہبر فاروقی، ابن مظہر قاضی معین الدین

اسلامی طب

صفحات: ۲۰۷، سال اشاعت: ۱۳۵۶ھ

مطبع: اعظم اسٹیم پریس، حیدر آباد دکن،

حوالہ: کتب خانۂ خاص،

مسلمان سلاطین کی سرپرستی اور مختلف زبانوں کی طبی کتابوں کا ذکر۔

۱۰۹- سعید احمد مارہروی، محمد

آثار خیر

صفحات: ۱۳۱، سال اشاعت: ۱۳۲۳ھ

مطبع: عزیزی پریس، آگرہ، ناشر: منیجر عزیزی پریس، آگرہ، حوالہ: کتب خانہ خاص،

مسلمانوں کے عہد حکومت میں منافع عامہ یعنی مدرسوں، کتب خانوں، شفاخانوں، سڑکوں، سرائے، خیرات خانوں وغیرہ کے حالات

۱۱۰- سلیمان ندوی، سید

ہندوؤں کی تعلیم مسلمانوں کے عہد میں

صفحات: ۲۰۰، سال اشاعت: ۱۹۵۸ء (طبع ثانی)

مطبع: آرمی پریس، کراچی، ناشر: آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی، حوالہ: پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

۱۱۱- طفیل احمد، منگلوری، سید

روح روشن مستقبل

صفحات: ۲۳۶، سال اشاعت: ۱۹۴۶ء

مطبع: نظامی پریس، بدایوں، حوالہ: کتب خانہ عام،

ماضی و حال میں ہندوستان کے مسلمانوں کی سیاسی، اقتصادی، سماجی اور تعلیمی حالت اور آئندہ کی توقعات۔

۱۱۲- عارف، حجازی

ڈھاکہ (میرے خوابوں کا شہر)

صفحات: ۹۴، سال اشاعت: ۱۹۶۱ء

مطبع: انٹرنیشنل پریس، کراچی، حوالہ: پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی،

مشرقی پاکستان کی تعلیمی، ثقافتی اور سیاسی تاریخ۔

۱۱۳- عبدالرحمان، سید صباح الدین

ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک جھلک

صفحات: ۵۰۷، سال اشاعت: ۱۹۵۸ء

مطبع: معارف پریس، اعظم گڑھ

حوالہ: کتب خانہ محکمہ آثار قدیمہ پاکستان، کراچی

عہد مغلیہ سے قبل کے ہندوستان کی سیاسی، سماجی اور علمی تاریخ۔

۱۱۴- عبدالسلام سہس پوری، مولانا

زریں کارنامے

صفحات: ۵۶۸، سال اشاعت: ۱۹۵۹ء

مطبع: انجمن حمایت اسلام پریس، لاہور،

حوالہ: پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی

تہذیب و معاشرت اور عام انسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے بزرگان دین کی خدمات،

۱۱۵- عزت اللہ، شیخ

ہمارا پنجاب

صفحات: ۳۶۴، مطبع: ویسٹ پاکستان پرنٹنگ پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانہ اردو کالج، کراچی،

مغربی پاکستان کے سابق صوبہ پنجاب کی سیاسی، مذہبی، سماجی، تعلیمی، معاشرتی، علمی تاریخ اور مشاہیر پنجاب کا تذکرہ۔

۱۱۶۔ غازی الدین خاں، مولانا محمد

اعجاز العرب موسوم بہ کارنامۂ اسلام

صفحات: ۷۸، سال اشاعت: ۱۳۱۴ھ

ناشر: جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد دکن،

حوالہ: کتب خانۂ خاص،

عرب کی علمی، تہذیبی اور مذہبی تاریخ

۱۱۷۔ گولڈزیہر

قرونِ وسطیٰ کا اسلامی فلسفہ

مترجم: سید حمید الدین احمد صفحات: ۴۵،

سال اشاعت: ۱۳۴۳ھ، مطبع: جامعہ عثمانیہ سرکارعالی، حیدرآباد دکن، حوالہ: ادارہ تحقیقات اسلامیہ (المرکزیہ) کراچی،

فلسفیانہ افکار اور اسلامی ثقافت کی تاریخ

۱۱۸۔ لیئر، دلیم

سنین اسلام

صفحات: ۱۲۸، سال اشاعت: ۱۸۷۱ء

مطبوعہ: لاہور، حوالہ: برٹش میوزیم لائبریری، لندن

مسلمانوں کی علمی و ثقافتی تاریخ ظہور اسلام سے عہد حکومت عباسیہ تک۔

۱۱۹۔ محی الدین بہمنی، سید سلطان

مسلمانان مدراس

صفحات: ۴۴، سال اشاعت: ۱۹۲۷ء

مطبع: شاہی پریس، مدراس، حوالہ: کتب خانہ خاص

مدراس کے مسلمانوں کی مذہبی، تعلیمی، سیاسی، اقتصادی اور تمدنی و معاشرتی حالت۔

۱۲۰۔ نیتر واسطی

عہدِ اسلامی کے یونانی شفاخانے

سال اشاعت: ۱۹۴۰ء

ناشر: جمعیت مجالس الطبائے پنجاب، لاہور،

حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور،

شفاخانوں کے حالات اور طبی ترقی

۱۲۱۔ ہاشمی فرید آبادی، سید

مآثر لاہور

صفحات: ۳۸۴، سال اشاعت: ۱۹۵۶ء

مطبع: دین محمدی پریس، لاہور، حوالہ: آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی،

لاہور کی علمی و تہذیبی تاریخ اور اکابر و مشاہیر لاہور کے سوانح حیات۔

تاریخِ تعلیم

۱۲۲۔ احمد شبلی

تاریخ تعلیم و تربیت اسلامیہ

مترجم: محمد حسین خاں زبیری، صفحات:

سال اشاعت: ۱۹۶۱ء، ناشر: ادارہ ثقافت اسلامیہ، لاہور،

حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور۔

انگریزی سے ترجمہ۔

۱۲۳۔ خالد یار خاں

تاریخ تعلیم

سال اشاعت: ۱۹۶۲ء

ناشر: اردو مرکز، لاہور، حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی

لائبریری، لاہور۔

۱۲۴۔ رفیق، پروفیسر سعید احمد

اسلامی نظامِ تعلیم

صفحات: ۳۰۴، سال اشاعت: ۱۹۵۰ء، مطبع: انجمن پریس کراچی

حوالہ: کتب خانہ پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی

مسلمانوں کے تعلیمی، تاریخی حالات۔

۱۲۵۔ شہابی، انتظام اللہ

اسلامی نظام تعلیم کا چودہ سو سالہ مرقع

ناشر: دائرۃ المعارف قرآنیہ، کراچی

حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور۔

درسگاھیں

۱۲۶۔ ابوالحسنات ندوی

ہندوستان کی قدیم اسلامی درسگاہیں

صفحات: ۱۳۰، سال اشاعت: ۱۳۴۱ھ

مطبع: روز بازار الیکٹرک پریس، امرتسر،

حوالہ: کتب خانہ خاص۔

دہلی، اجمیر، فتح پور سیکری، پنجاب، رامپور، روہیل کھنڈ، اودھ، بنارس، بہار، بنگال، سورت اور دکن وغیرہ کی درسگاہوں اور شعرا و مصنفین کا تذکرہ، یہ کتاب ۱۹۳۶ء میں دارالمصنفین اعظم گڑھ سے بھی شائع ہوئی ہے

۱۲۷۔ امین زبیری، محمد

علی گڑھ

صفحات: ۱۳۰، مطبع مشہور آفسٹ بلتھو پریس، کراچی

حوالہ: آل پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، کراچی

تاریخ مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ۔ قیام سے ۱۹۳۶ء تک۔

۱۲۸۔ ضیاءالدین احمد ڈاکٹر، سر

مسلم یونیورسٹی میں وائسرائے اور حضور نظام کی کیفیت تشریف آوری

صفحات: ۷۰، سال اشاعت: ۱۹۳۶ء

مطبع: ڈسٹرکٹ گزٹ پریس، علی گڑھ

حوالہ: پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی

وائسرائے ہند اور نظام عثمان علی خاں کی آمد کی روداد۔

۱۲۹۔ محمد شاہ، سید

محمد قاسم ولی اللہ تھیالوجیکل کالج کا قیام

صفحات: ۱۶، سال اشاعت: ۱۹۴۴ہندی۔

مطبع: دین محمدی پریس، لاہور، حوالہ: کتب خانہ خاص

لاہور میں قائم ہونے والے ایک کالج کے متعلق معلومات۔

۱۳۰۔ —

احکام و کاغذات متعلقہ قیام جامعہ عثمانیہ

صفحات: ۱۴۶، مطبع: دارالطبع جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد دکن، حوالہ: کتب خانہ خاص،

۱۳۱۔

مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ کی مختصر تاریخ

حوالہ: رسالہ اردو۔ اکتوبر ۱۹۳۳ء، صفحہ: ۸۷۶،

قیام یونی ورسٹی سے ۱۹۳۳ء تک کی تاریخ۔

کتب خانے

۱۳۲- اد نگاپنٹو، ڈاکٹر

اسلامی کتب خانے (عہد عباسیہ میں)

مترجم: قاضی احمد میاں اختر، صفحات: ۴۰،

سال اشاعت: ۱۹۴۰ء، مطبع: الناظر پریس، لکھنؤ،

حوالہ: پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی

۱۳۳- شبلی نعمانی

کتب خانۂ اسکندریہ

صفحات: ۷۶، سال اشاعت: ۱۸۹۴ء

مطبع: مفید [illegible] پریس، آگرہ

حوالہ: پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی

کتب خانے کی تاریخ و تعارف اور مسلمانوں پر اس کے جلائے جانے کے الزام کی تردید۔

ممالک

پاک و ہند

۱۳۴- حسین احمد مدنی

تعلیمی ہند

صفحات: ۳۲، سال اشاعت: ۱۳۵۵ھ

مطبع: محبوب المطابع برقی پریس، دہلی،

حوالہ: کتب خانۂ خاص

ہندوستان کی تعلیمی فضا کے متعلق یادداشتوں کا مجموعہ۔ مرتبہ مجلس قاسم المعارف دیوبند۔

۱۳۵- سعید احمد مارہروی، محمد

آثار خیر

صفحات: ۱۳۰، سال اشاعت: ۱۳۲۳ھ

مطبع: مطبع عزیزی، آگرہ، حوالہ: کتب خانۂ خاص

ہندوستان کے مسلم سلاطین کی فیاضی کے حالات اور ان کے عہد کے کتب خانوں، مدرسوں، شفاخانوں اور دوسری چیزوں کا تذکرہ۔

۱۳۶- سلیمان ندوی، سید

ہندوؤں کی تعلیم مسلمانوں کے عہد میں

صفحات: ۱۴۲، سال اشاعت: ۱۹۵۴ء

ناشر: حسن علی عبدالرحمان، حوالہ: کتب خانۂ خاص

مسلمانوں کے عہد حکومت میں ہندوؤں کی مذہبی تعلیم کے سرکاری و غیر سرکاری نظام تعلیم کی تاریخ۔

۱۳۷- مناظر احسن گیلانی

ہندوستان میں مسلمانوں کا نظام تعلیم و تربیت

مطبع: مطبع انتظامی، حیدرآباد دکن،

حوالہ: کتب خانۂ خاص،

قطب الدین ایبک کے عہد سے زمانہ تصنیف تک۔

پہلی جلد صفحات: ۳۸۶، سال اشاعت: ۱۹۴۴ء

دوسری جلد صفحات: ۳۲۸، سال اشاعت: ۱۹۴۴ء

۱۳۸- —

نوشہ علی، سید

مسلمانان ہند و پاکستان کی تاریخ تعلیم

صفحات: ۳۳۵، سال اشاعت: ۱۹۶۲ء

ناشر: سلمان اکیڈمی، کراچی،

حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور

حواشی و تعلیقات از انتظام اللہ شہابی۔

۱۳۹ ـــــــ

عہدِ اسلامی میں تعلیمی ترقی

صفحات: ۳۰۸، سال اشاعت: ۱۹۷۵ء

ناشر: اکیڈمی آف ایجوکیشنل ریسرچ، کراچی،

حوالہ: پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

حیدرآباد دکن

۱۴۰۔ عبدالقادر سروری

حیدرآباد دکن کی تعلیمی ترقی

صفحات: ۱۳۶، سال اشاعت: ۱۹۳۳ء

مطبع: اعظم اسٹیم پریس، حیدرآباد دکن

ناشر: مکتبۂ ابراہیمیہ، حیدرآباد دکن،

حوالہ: کتب خانۂ خاص

ریاست کی ۵۰ سالہ تعلیمی ترقیوں کا جائزہ

۱۴۱۔ نصیرالدین ہاشمی

عہدِ آصفی کی قدیم تعلیم

صفحات: ۱۸۰، سال اشاعت: ۱۹۳۶ء

مطبع: انتظامی پریس، حیدرآباد دکن۔

حوالہ: کتب خانۂ خاص

تدریجِ تعلیم: ۱۳۳۶ف تا ۱۲۸۵ف

دیگر ممالک

۱۴۲۔ عثمان علی مرزا

مسلمانانِ اندلس کے علوم و فنون

صفحات: ۲۰۳، سال اشاعت: ۱۳۴۶ھ

مطبع: شمس الاسلام پریس، حیدرآباد دکن

حوالہ: کتب خانۂ خاص

۱۴۳۔ آربری، اے جے

میراثِ ایران

مترجم: سید عابد علی عابد،

سال اشاعت: ۱۹۶۲ء، ناشر: مجلس ترقی ادب، لاہور

حوالہ: پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

ایرانی علوم و فنون کا تذکرہ

۱۴۴۔ سہیل انور

اوریجنز آف ہسٹری آف ٹرکش میڈیسن

مترجم: حکیم نیر واسطی،

سال اشاعت: ۱۹۵۸ء، ناشر: مجلس ابن علی سینا،

لاہور، حوالہ: پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

ترکی نظامِ طب کی تاریخ

۱۴۵۔ راس مسعود، سر

جاپان کا تعلیمی نظم و نسق

مترجم: محمد عنایت اللہ، صفحات: ۲۰۳،

سال اشاعت: ۱۹۲۳ء، ناشر: محمد مقتدا خاں شروانی

مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، حوالہ: کتب خانۂ خاص،

۱۴۶۔ ـــ

محمد حسین جعفری، سید

ڈنمارک اور اس کا نظامِ تعلیم

سال اشاعت: ۱۳۴۸ھ

مطبع: اعظم اسٹیم پریس، حیدرآباد دکن۔

۱۴۷ ـــ

چین کے مسلمان

مترجم: گوپال متل، صفحات: ۲۲،

سال اشاعت: ۱۹۶۱ء، مطبع: یونین پرنٹنگ پریس، دہلی، ناشر: نیشنل اکادمی، دہلی، حوالہ کتب خانۂ خاص،

چین میں مسلمانوں کی مذہبی سیاسی تہذیبی اور معاشرتی حالت:

۱۴۸ - ـــــ

مسلمانانِ موریشس

صفحات: ۴۲، سال اشاعت: ۱۹۳۲ء

مطبع: عہد آفریں پریس، حیدرآباد دکن، ناشر: مسلم ایجوکیشنل سوسائٹی پورٹ لوئس موریشس،

حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

تذکرہ اور جزیرۂ موریشس کے مدرسۂ اسلامی کے لئے چندے کی اپیل۔

فنون لطیفہ

۱۴۹ - امجد علی، میر

تاریخ حسن کاری

صفحات: ۱۲۸، سال اشاعت: ۱۹۴۴ء

مطبع: عہد آفریں پریس حیدرآباد دکن، حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری کراچی

مشرق و مغرب کے مختلف ممالک میں مصوری اور طرز تعمیر کی تاریخ۔

۱۵۰ - چغتائی، ڈاکٹر محمد عبداللہ

فنون لطیفہ بعہد اورنگ زیب

صفحات: ۱۲۰، سال اشاعت: ۱۹۵۷ء

مطبع: انشا پریس، لاہور

حوالہ: کتب خانہ مرکزی محکمۂ آثار قدیمہ پاکستان، کراچی

اورنگ زیب کے عہد میں فنون لطیفہ کی ترقی

۱۵۱ - عباسی، ع۔ع

انڈونیشیا کے ناچ

صفحات: ۱۲۰، سال اشاعت: ۱۹۶۴ء

مطبع: فضلی سنز، کراچی، حوالہ: آزاد ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، کراچی۔

فن تعمیر

۱۵۲ - ارنسٹ ٹاڈ ہیام رچمنڈ

اسلامی فن تعمیر

مترجم: سید مبارز الدین رفعت، صفحات: ۲۳۵، سال اشاعت: ۱۹۵۲ء، مطبع: مکتبۂ جامعہ لمیٹڈ دہلی، ناشر: انجمن ترقی اردو (ہند) علی گڑھ

حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

۱۵۳ - علی بلگرامی، شمس العلما ڈاکٹر سید

عربوں کا فن تعمیر

صفحات: ۱۱۲، سال اشاعت: ۱۹۱۰ء

مطبع: رفاہ عام اسٹیم پریس، لاہور،

حوالہ: کتب خانۂ خاص،

عربوں کے فن تعمیر کی خصوصیات نیز عرب اور دیگر ممالک میں عربی فن تعمیر کی مشہور عمارتوں کے حالات

۱۵۴ - فرگسن، جیمس

اسلامی فن تعمیر ہندوستان میں

مترجم: سید ہاشمی فریدآبادی، صفحات: ۱۹۳، سال اشاعت: ۱۹۳۲ء، مطبع: دارالطبع عثمانیہ سرکار عالی، حیدرآباد دکن،

ناشر: شعبۂ تالیف و ترجمہ جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد دکن

حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

فن کوزہ گری

۱۵۵۔ چغتائی، محمد عبداللہ

اسلامی کوزہ گری

صفحات: ۴۴، سال اشاعت: ۱۹۳۶ء

مطبع: فیروز پرنٹنگ ورکس، لاہور،

حوالہ: کتب خانۂ خاص،

اسلامی کوزہ گری کے فن کے مراکز اور عہد بہ عہد ترقی کا حال۔

فن مصوری

۱۵۶۔ چغتائی، محمد عبداللہ

اسلامی مصوری

صفحات: ۶۲، سال اشاعت: ۱۹۳۶ء

مطبع: فیروز پرنٹنگ ورکس، لاہور،

حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

ساتویں صدی ہجری تک کا حال۔

تاریخ تدریس

۱۵۷۔ ہسلک، ای ایل

تاریخ کی تدریس

مترجم: عبدالسلام انصاری، سال اشاعت: ۱۳۴۴ف

مطبع: اعظم اسٹیم پریس، حیدرآباد دکن،

ناشر: عثمانیہ مدرستہ المعلمین، حیدرآباد دکن،

حوالہ: کتب خانۂ خاص۔

تاریخ کی غایت اور طریقہ تدریس۔ اس موضوع کی دوسری کتابوں کی فہرست اور اصطلاحات کی فہرست۔

تاریخی مجموعے

۱۵۸۔ اظہر دہلوی

اتحادی افسانے

سال اشاعت: ۱۹۳۹ء

ناشر: محمد امین، لاہور، حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری لاہور،

۱۵۹۔ اعجاز الحق قدوسی

سندھ کی تاریخی کہانیاں

صفحات: ۲۷۲، سال اشاعت: ۱۹۵۷ء

مطبع: ادبی پریس، کراچی، حوالہ: کتب خانۂ عام۔

سندھ کی علمی، ثقافتی اور سیاسی تاریخ مسلمانوں کی آمد سے قبل سے ۱۸۴۳ء تک۔

۱۶۰۔ ایلین، جے۔ سی

ہندوستان کی تاریخی کہانیاں

مترجم: لالہ سوہن لال،

سال اشاعت: ۱۹۱۶ء، ناشر: لانگ مین گرین اینڈ کو

حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور۔

۱۶۱۔ آزاد دہلوی، مولوی محمد حسین

قصص الہند

صفحات: ۱۸۷، سال اشاعت: ۱۹۶۱ء

مطبع: ایل پریس، لاہور، حوالہ: لیاقت نیشنل لائبریری کراچی

متفرق تاریخی واقعات اور بارہ سلاطین و دیگر مشاہیر کا تذکرہ

۱۶۲- پٹیل بی اے، احمد الیس

گجرات کی تاریخی کہانیاں

صفحات: ۲۶۰، سال اشاعت: ۱۹۴۲ء

مطبع: فیروز پرنٹنگ ورکس لاہور، حوالہ: کتب خانہ عام

۱۶۳- پیارے لال

قصصِ ہند

سال اشاعت: ۱۹۴۴ء

مطبع: مطبع سرکاری، لاہور،

حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور،

۱۶۴- حفیظ جالندھری

ہندوستان ہمارا

سال اشاعت: ۱۹۴۱ء

ناشر: دارالاشاعت پنجاب، لاہور

حوالہ: پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، لاہور

منظوم تاریخی کہانیاں -

۱۶۵- نجمتہ سلطانہ

تاریخ ہند کی کہانیاں (حصہ اول)

صفحات: ۵۶، سال اشاعت: ۱۹۴۰ء (طبع چہارم)

مطبع: محبوب المطابع برقی پریس، دہلی،

ناشر: مکتبۂ جامعہ، دہلی، حوالہ: کتب خانہ عام،

